16 صحیح حدیث جوکوئی بھی صبح (یا دِن) کے وقت کامل یقین کے ساتھ سَیِّدُ الِاسْتِغْفَارُ پڑھے اور شام سے پہلے مرجائے تو جنتی ہوگا، اور اگر شام کو پڑھ لے اور صبح سے پہلے مرجائے تو جنتی ہوگا۔

1 مرتبہ شام

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ، لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُکَ وَاَنَا عَلٰی عَھْدِکَ وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَکَ بِنِعْمَتِکَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ

اَے اللہ! تو ہی میرا رَب ہے، نہیں ہے کوئی معبود مگر تو، تو نے مجھے پیدا کیا، میں تیرا بندہ ہوں اور میں تیرے عہد اور وعدے پر (قائم) ہوں جس قدر میری طاقت ہے، میں تیری پناہ میں آتا ہوں اُس کے شر سے جو میں نے کیا، اَپنے آپ پر تیری نعمت کا اقرار کرتا ہوں، اور اَپنے گناہ کا اعتراف کرتا ہوں پس مجھے بخش دے کیونکہ نہیں ہے کوئی گناہوں کو بخشنے والا مگر تو۔

[بُخاری:6306]

17 یہ کلمات جوکوئی نمازِ مغرب کے بعد گفتگو کرنے سے پہلے پڑھ لے اور اگر اُسی رات فوت ہوگیا تو دوزخ کی آگ سے آزاد ہوگا۔

7 مرتبہ نماز مغرب کے فوراً بعد

اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ

اے اللہ! بچالے مجھ کو آگ سے۔

[سُنن ابی داؤد:5079]

18 صحیح حدیث جوکوئی یہ کلمات پڑھ لے گا تو اُسکے تمام گناہ معاف کردیئے جائیں گے اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں اور کوئی بھی اُس سے عمل میں بڑھ نہ سکے گا سوائے اُسکے جو اِس وظیفہ کو زیادہ مرتبہ پڑھ لے۔

100 مرتبہ شام

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ

[بُخاری:6405، مُسلم:6842،6843]